سوال

(851)اگرچہ تم قتل کردیے جاؤیا آگ میں جلادیے جاؤلیکن

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ایک صحابی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگرچہ تم قتل کردیے جاؤیا آگ میں جلادیے جاؤلیکن شرک نہ کرنا، یہ روایت کونسی حدیث میں ہے اورکیایہ روایت صحیح ہے؟ (ظفراقبال،نارووال)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمدللہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشکاۃ،کتاب الایمان،باب الکبائر وعلامات النفاق،الفصل الثالث میں بحوالہ مسند احمد بیان ہوئی ہے،اس کی سند میں عبدالرحمن بن جبیر بن نفیر نامی راوی ہیں جن کا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں،بعض اہل علم لکھتے ہیں:''لم یسمع من معاذ''تو یہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ والی روایت بوجہ انقطاع ضعیف وکمزور ہے۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص806

محدث فتویٰ